

# جگ اور مگ

## لیمو پانی بنایے اور مزا لیجیے

آپ کو چاہیے










آدھا لیمو | ایک چٹکی نمک | ایک چمچ شکر | ایک گلاس پانی

اِسے کیسے بنائیں۔






اندازہ لگایے اور پھر معلوم کیجیے۔

 آدھے لیمو سے آپ کو کتنے قطرے لیمو کا رس ملے گا؟ __________

 ایک پورے لیمو سے آپ کو کتنے قطرے لیمو کا رس ملے گا؟ __________

 ایک چمچہ بھرنے کے لیے لیمو کے رس کے کتنے قطرے چاہییں؟ __________

اپنے لیمو پانی کا مزا لیجیے۔

آسانی سے ملنے والی چیزوں کا استعمال کرکے کوئی بھی شربت بنایا جاسکتا ہے اور اُس کو کوئی بھی نام دیا جاسکتا ہے توجہ کا مرکز حجم ہونا چاہیے۔



© NCERT not to be republished

6 گلاس لیمو پانی بنانے کے لیے

آپ کو کتنے لیموؤں کی ضرورت ہوگی؟ __________

کتنے چمچ شکر کی ضرورت ہوگی؟ __________


## گاؤں کے میلے میں لیمو پانی کی دُکان

چیترا کے گاؤں میں ایک میلہ لگا ہے۔ چیترا، ناظم اور انیش اِس میلہ میں لیمو پانی کی ایک دُکان کھولنا چاہتے ہیں۔انھوں نے ایک  بالٹی بھر کر لیمو پانی بنایا۔

انھوں نے گلاسوں  کے دو مختلف سائز استعمال کیے۔




انیش ایک  جگ لے آیا۔

کیا آپ سمجھتے ہیں کہ  بالٹی کے مقابلے  جگ سے  گلاس میں شربت زیادہ آسانی سے ڈالا جا سکتا ہے؟

not to be republished © NCERT

ناظم نے دیکھا کہ دو بڑے گلاسوں سے ایک جگ بھر جاتا ہے۔

شبنم ایک جگ بھر کر لیمو پانی خریدنا چاہتی ہے۔

اُس کو اس کے لیے کتنے پیسے دینے ہونگے ؟ ___________

چیترا نے دیکھا کہ دو چھوٹے گلاسوں سے ایک بڑا گلاس بھر جاتا ہے۔ ایک جگ بھرنے کے لیے کتنے چھوٹے گلاس لیمو پانی چاہیے؟___________

کتنے چھوٹے گلاس آدھا جگ بھریں گے؟



## برتن بھریئے اور مزے لیجیے

ذرا معلوم تو کیجیے کہ آپ کی بوتل کو بھرنے کے لیے کتنے کپ پانی کی ضرورت ہوگی۔

پہلے اندازہ لگایے پھر کر کے دیکھیے۔

اب اُس کپ کی مدد سے کوئی دوسری بوتل بھریے۔ کون سی بوتل میں کم پانی آتا ہے؟


اب کسی اور بوتل کو بھر کر دیکھیے۔

کون سی بوتل میں سب سے کم پانی آتا ہے۔



© NCERT not to be republished

سونینا اور جسپریت باورچی خانے سے مختلف برتن لے آئیں۔ اُن کے پاس ایک جگ، ایک گلاس، ایک مگ، ایک پتیلی اور ایک پیالہ ہے۔ وہ ان سب چیزوں کو ایک پیالی کی مدد سے بھر رہی ہیں۔



ذرا اندازہ لگائیے کہ کون سے برتن میں سب سے کم پانی آئے گا؟ ____________

کون سے برتن میں سب سے زیادہ پانی آئے گا؟ ____________

اب، آپ بھی اپنے باورچی خانے سے مختلف برتن جمع کیجیے۔

ایک ہی پیالی سے سب کو بھریئے۔

گنیئے کہ ہر برتن میں کتنے پیالی پانی آتا ہے۔


پہلے اندازہ لگایئے پھر کر کے دیکھئے۔

| استعمال کیا گیا برتن | بھرنے کے لیے کتنی پیالی پانی چاہیے۔ |
|---|---|
|  | |
| | |
| | |
| | |


© NCERT not to be republished

جس برتن میں زیادہ پانی آئے گا اُس پر گولہ بنایئے۔

(a)




(b)



(c)



(d)



© NCERT not to be republished

## رانی اور دودھ والا

انل ایک دودھ والا ہے۔ وہ روزانہ رانی کے گھر ایک ہی مقدار میں دودھ دیتا ہے۔ رانی کے دودھ کے برتن  کو بھرنے کے لیے وہ ایک  مگ کو تین بار بھرتا ہے۔

ایک دن رانی کی امی نے اُس کو دودھ لینے کے لیے ایک دوسرا  برتن دے دیا۔ روزانہ تو رانی کا برتن  دودھ سے اوپر تک بھر جاتا تھا مگر آج رانی نے دیکھا کہ اُس کا برتن  پورا نہیں بھرا۔




کیا آپ سمجھتے ہیں کہ انل نے رانی کو کم دودھ دیا ہے؟ اس کی مدد کیجیے۔

### معلوم کیجیے

آپ کی امی روزانہ کتنا دودھ خریدتی ہیں؟__________

## خود کر کے دیکھیے

اپنے باورچی خانے سے پانچ بڑے برتن لیجیے۔ ان سبھی میں ایک جگ بھر کر پانی ڈالیے۔

آپ نے کیا دیکھا؟ کیوں؟ اپنے دوستوں سے اس کے بارے میں بات چیت کیجیے۔

© NCERT not to be republished



2019-20

# پیاسا کوّا

چرپی کوّے کو بڑے زور کی پیاس لگ رہی تھی۔ اُس نے سب طرف دیکھا مگر اُس کو کہیں پانی نہیں ملا۔ تبھی اُس کی نظر ایک مٹکے پر پڑی۔ جب اُس نے اُس میں سے پانی پینے کی کوشش کی تو اُس نے دیکھا کہ

مٹکے میں پانی بہت کم ہے۔

پاس ہی پڑے کنکروں پر اُس کی نظر پڑی۔





اُس نے مٹکے میں ایک ایک کر کے کنکر ڈالے



پانی اوپر آ گیا

چرپی نے پانی پیا اور اُڑ گیا۔








© NCERT not to be republished

## کیا آپ بھی چرپی کی طرح بننا چاہیں گے؟

کیا آپ جاننا چاہتے ہیں کہ  میں پانی اوپر کیسے آ گیا؟

ایک ہی پیمائش کے دو  گلاس لیجیے۔

دونوں گلاسوں کو آدھا آدھا بھر لیجیے۔

اب آپ پہلے گلاس میں اِملی کے بیج ڈالیے تاکہ پانی اوپر آ جائے۔ ذرا اندازہ تو لگائیے کہ آپ کو کتنے بیجوں کی ضرورت پڑے گی۔

اب اس کو کر کے دیکھیے۔


استعمال کیے گئے بیجوں کو گنیے۔

اب اتنی ہی تعداد میں ماربل دوسرے گلاس میں ڈالے۔ کیا ہوا؟

اب کنکریوں کے ساتھ اس عمل کو دہرایے۔

اب کیا ہوا؟ کیوں؟

اس کے بارے میں اپنے کلاس میں میں بات چیت کیجیے۔



© NCERT not to be republished

## پانی کا استعمال

معلوم کیجیے آپ گھر میں مندرجہ ذیل کاموں میں کتنا پانی (بالٹی یا مگ میں) استعمال ہوتا ہے۔



________



________



________




________

پہلے اندازہ لگایے پھر معلوم کیجیے۔

a) ایک بالٹی بھرنے کے لیے کتنے مگ پانی چاہیے؟ ________

b) آپ نہانے کے لیے پانی کی کتنی بالٹیاں استعمال کرتے ہیں؟ ________

c) آپ نہانے کے لیے پانی کے کتنے مگ استعمال کرتے ہیں؟ ________






پانی کی ایک پچکاری کو بھرنے کے لیے کتنا پانی چاہیے؟



ایک غبارے کو بھرنے کے لیے کتنا پانی چاہیے؟

بچوں سے کہیے کہ وہ یہ مشق اپنے گھر پر کریں اور اپنے مشاہدات کو لکھ لیں۔ بچوں کے ذریعے استعمال کیے گئے مختلف برتنوں کے حجم کا موازنہ کرتے ہوئے کلاس میں بات چیت کیجیے۔

© NCERT not to be republished